# حضرت فاطمہ زھرا سلام اللہ علیھا کی چند احادیث

---

<"xml encoding="UTF-8?>

## حدیث(۱)

قالت فاطمة سلام اللہ علیھا : " ما یصنع الصائم بصیامه اذا لم یصن لسانه و سمعه و بصره و جوارحه "

ترجمہ :

حضرت فاطمہ زھرا (ع) فرماتی ھیں:

" اگر روزہ دار حالت روزہ میں اپنی زبان ، اپنے کان و آنکہ اور دیگر اعضاء کی حفاظت نہ کرے تو اس کا روزہ اس کے لئے فائدہ مند نہیں ھے "۔

## حدیث(۲)

قالت فاطمة سلام اللہ علیھا :

" یا ابا الحسن انی لا مستحیی من الٰھی ان اکلف نفسک ما لا تقدر علیه "

ترجمہ :

حضرت فاطمہ زھرا (ع) فرماتی ھیں :

" اے علی مجھے خدا سے شرم آتی ھے کہ آپ سے ایسی چیز کی فرمائش کروں جو آپ کی قدرت سے باھر ھے "۔

## حدیث(۳)

قالت فاطمة سلام اللہ علیھا :

" الزم عجلھا فان الجنة تحت اقدامھا "

ترجمہ :

حضرت فاطمہ زھرا (ع) فرماتی ھیں :

" ماں کے پیروں سے لپٹے رھو اس لئے کہ جنت انھیں کے پیروں کے نیچے ھے "۔

## حدیث(۴)

قالت فاطمة سلام اللہ علیھا :

" خیر للنسا ان لا یرین الرجال و لا یراھن الرجال "

ترجمہ :

حضرت فاطمہ زھرا (ع) فرماتی ھیں :

" عورتوں کے لئے خیر و صلاح اس میں ھے کہ نہ تو وہ نا محرم مردوں کو دیکھیں اور نہ نامحرم مرد ان کو دیکھیں "۔

## حدیث(۵)

قالت فاطمة سلام الله علیها :

”حبب الٰهی من دنیاکم ثلاث : تلاوة کتاب الله و المنظر فی وجه رسول الله و الانفاق فی سبیل الله “

ترجمه :

حضرت فاطمه زهرا (ع) فرماتی هیں :

” میرے نزدیک تمهاری اس دنیا میں تین چیزیں محبوب هیں: تلاوت قرآن مجید ، زیارت چهره رسول خدا ، اور راه خدا میں انفاق “۔

## حدیث(۶)

قالت فاطمة سلام الله علیها : ” من اصعد الی الله خالص عبادته اهبط الله عزو جل الیه افضل مصلحته “

ترجمه :

حضرت فاطمه زهرا (ع) فرماتی هیں :

” هر وه شخص جو اپنے خالصانه عمل کو خداوند عالم کی بارگاه میں پیش کرتا هے خدا بهی اپنی بهترین مصلحت اس کے حق میں قرار دیتا هے “۔

## حدیث(۷)

قالت فاطمة سلام الله علیها :” فی المائدة اثنتا عشرة خصلة یجب علی کل مسلم ان یعرفها اربع فیها فرضو اربع فیها سُنَّة و اربع فیها تأدیب:فامّا الفرض فالمعرفة و الرضا والتسمیة و الشکر ،
فاما السنةفالوضو ء قبل الطعام و الجلوس علی الجانب الایسر و الاکل بثلاث اصابع و لعق الاصابع، فامّا التأدیب فاکل بما یلیک و تصغیر اللقمة و المضغ الشدید وقلة النظر فی وجوه الناس“

ترجمه :

حضرت فاطمه زهرا (ع) فرماتی هیں :

”آداب دسترخوان میں باره چیزیں لازم هیں ،جن کا علم هر مسلمان کو هونا چاهئے۔ ان میں سے چار چیزیں واجب ،چار مستحب اور چار رعایت ِادب کے لئے هیں۔ وه چار چیزیں جو لازم هیں وه یه هیں: معرفت ، خوشنودی، شکر اور بسم الله الرحمن الرحیم کهنا ۔ وه چار چیزیں جو مستحب هیں وه یه هیں : کهانے سے پهلے وضو کرنا ،بائیں جانب بیٹهنا ،تین انگلیوں سے کهانا اور کهانے کو انگلیوں سے ملانا۔ اور وه چار چیزیں جو رعایت ِ ادب میں شامل هیں وه یه هیں: جو بهی سامنے آئے اسے کهانا ، لقمه چهوٹا هونا، خوب چبا کر کهانا اور لوگوں کے چهره پر زیاده نگاه نه کرنا “۔

حواله :

١ـتحف العقول ص ٩٥٨
٢ـ تحف العقول ص ٩٥٨
٣ـتحف العقول ص ٩٥٨
٤ـ تحف العقول ص ٩٦٠
٥ـ تحف العقول ص٩٦٠
٦ـتحف العقول ص٩٦٠
7ـ تحف العقول ص